تیسری زبان کی درسی کتاب

# دوٗر پاس

(نویں جماعت کے لیے)

4923

विद्यया ऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

© NCERT
not to be republished

**Door Pass, UL3 for Class IX**

ISBN 978-93-5007-128-1

## پہلا ایڈیشن

اکتوبر 2010 آشوین 1932

## دیگر طباعت

دسمبر 2012 اگھن 1934

اپریل 2019 چیتر 1941

**PD 000 SPA**

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ 2010

### جُملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت حاصل کیے بغیر، اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانیکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی، اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کر کے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی مہر کے ذریعے یا چِپّی یا کسی اور ذریعے ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصوّر ہوگی اور ناقابل قبول ہوگی۔

### این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر

این سی ای آر ٹی کیمپس
شری اروندو مارگ
نئی دہلی - 110016 فون 011-26562708

108,100 فٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بناشنکری III اسٹیج
بنگلور - 560085 فون 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
احمد آباد - 380014 فون 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
کولکتہ - 700114 فون 033-25530454

سی ڈبلیو سی کامپلیکس
مالی گاؤں
گواہاٹی - 781021 فون 0361-2674869

قیمت : 75.00 ₹

### اشاعتی ٹیم

ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن : محمد سراج انور
چیف ایڈیٹر : شویتا اُپّل
چیف پروڈکشن آفیسر : ارون چتکارا
چیف بزنس منیجر : ابیناش کُلّو
ایڈیٹر : سید پرویزاحمد
پروڈکشن آفیسر : عبدالنعیم

این سی ای آر ٹی واٹر مارک 80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ، نئی دہلی نے

میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

© NCERT not to be republished

# پیش لفظ

’قومی درسیات کا خاکہ — 2005‘ میں سفارش کی گئی ہے کہ بچّوں کی اسکولی زندگی، ان کی باہر کی زندگی سے ہم آہنگ ہونی چاہیے۔ یہ زاویۂ نظر کتابی علم کی اُس روایت کی نفی کرتا ہے جس کے باعث آج تک ہمارے نظام میں اسکول، گھر اور سماج کے درمیان فاصلے حائل رہے ہیں۔ نئے قومی درسیات پر مبنی نصاب اور درسی کتابوں کی تیاری اسی بنیادی مقصد پر عمل آوری کی ایک کوشش کہی جا سکتی ہے۔ اس کوشش میں مختلف مضامین کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے اور رٹ کر پڑھنے کے طریقۂ کار کی حوصلہ شکنی بھی شامل ہے۔ ہمیں امّید ہے کہ ان اقدامات سے قومی تعلیمی پالیسی (1986) میں مذکور تعلیم کے ’طفل مرکوز نظام‘ کی طرف مزید پیش رفت ہوگی۔

اس کوشش کی کامیابی کا انحصار ان اقدامات پر ہے کہ اسکولوں کے پرنسپل اور اساتذہ اپنے تاثرات خود ظاہر کرنے اور ذہنی سرگرمیوں اور سوالوں کے ذریعے سیکھنے کے سلسلے میں بچوں کی ہمّت افزائی کریں۔ ہمیں یہ ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ بچّوں کو اگر موقع، وقت اور آزادی دی جائے تو وہ بڑوں سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر نئی معلومات مرتب کرتے ہیں۔ آموزش کے دوسرے ذرائع اور محلِ وقوع کو نظر انداز کرنے کے بنیادی اسباب میں سے ایک اہم سبب، مجوّزہ نصابی کتاب کو امتحان کے لیے واحد ذریعہ بنانا ہے۔ بچّوں کے اندر تخلیقی صلاحیت اور پیش قدمی کے رجحان کو فروغ دینا اُسی وقت ممکن ہے جب ہم آموزشی عمل میں بچّوں کو بہ حیثیت شریک کار قبول کریں اور ان سے اُسی طرح پیش آئیں۔ انھیں محض مقرّرہ معلومات کا جانکار نہ سمجھیں۔

یہ مقاصد اسکول کے نظام الاوقات اور طریقۂ کار میں معقول تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ روزمرّہ معمولات میں نرمی کی اتنی ہی اہمیت یا ضرورت ہے جتنی کہ سالانہ کیلنڈر کے نفاذ اور محنت کی، تاکہ تدریس کے لیے دست یاب مدّت کو حقیقتاً تدریس کے لیے وقف کیا جا سکے۔ تدریس اور اندازِ قدر کے طریقوں سے بھی اس امر کا تعیّن ہوگا کہ یہ نصابی کتاب بچّوں میں ذہنی تناؤ اور اکتاہٹ پیدا کرنے کے بجائے ان کی اسکولی زندگی کو خوش گوار بنانے میں کس حد تک موثر ثابت ہوتی ہے۔ نصابی بوجھ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے نصاب سازوں نے مختلف سطحوں پر معلومات کی تشکیلِ نو اور اُسے نیا رخ دینے کی غرض سے بچّوں کی نفسیات اور تدریس کے لیے دست یاب وقت پر زیادہ سنجیدگی کے ساتھ توجّہ دی ہے۔ اس مخلصانہ کوشش کو مزید بہتر بنانے کے لیے یہ نصابی کتاب سوچنے اور حیرتوں کو جگائے

© NCERT not to be republished

رکھنے، چھوٹے گروپوں میں بحث ومباحثہ کوفروغ دینے اور عملاً انجام دی جانے والی سرگرمیوں کوزیادہ اوّلیت دیتی ہے۔

این سی ای آر ٹی اس کتاب کے لیےتشکیل دی جانے والی ''کمیٹی برائے درسی کتاب'' کی مخلصانہ کوششوں کی شکرگزار ہے۔ کونسل زبانوں کی مشاورتی کمیٹی برائے زبان کے چیئر پرسن پروفیسر نامور سنگھ اور اس کتاب کے خصوصی صلاح کار پروفیسر شمیم حنفی کی ممنون ہے۔ اس درسی کتاب کی تیاری میں جن اساتذہ نے حصّہ لیا، ہم ان کے متعلقہ اداروں کے بھی شکرگزار ہیں۔ ہم ان سبھی اداروں اور تنظیموں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنے وسائل، ماخذ اور عملے کی فراہمی میں فراخ دلی کا ثبوت دیا۔ ہم وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، حکومتِ ہند کے شعبے برائے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کی جانب سے پروفیسر مرنال مری اور پروفیسر جی۔ پی۔ دیش پانڈے کی سربراہی میں تشکیل شدہ نگراں کمیٹی (مانیٹرنگ کمیٹی) کے اراکین کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت اور تعاون ہمیں دیا۔ باضابطہ اصلاح اور اپنی اشاعت کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے مقصد کی پابند ایک تنظیم کے طور پر این سی ای آر ٹی تمام مشوروں اور آرا کا خیر مقدم کرتی ہے تاکہ کتاب کو مزید غور و فکر کے بعد اور زیادہ کارآمد اور بامعنی بنایا جا سکے۔

ڈائریکٹر

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

نئی دہلی

جولائی 2010

© NCERT not to be republished

# اِس کتاب کے بارے میں

جدید ہندوستانی زبانوں میں اردو کی خاص اہمیت ہے۔ یہ ملک کے مختلف صوبوں میں بولی، سمجھی اور پڑھائی جاتی ہے۔ سہ لسانی فارمولے کے تحت اردو کی تعلیم پر ہندوستان کی بعض ریاستیں توجہ کرتی رہی ہیں لیکن درسی کتابیں فراہم نہ ہونے کی وجہ سے ان ریاستوں کو بہت سی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان مشکلات پر قابو پانے کے لیے نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی نے ایک منصوبہ تیار کیا ہے تاکہ اردو کی نئی درسی کتابیں آسانی سے اسکولوں کو فراہم کی جاسکیں۔

مادری زبان کی تعلیم کے لیے پہلی سے بارھویں جماعت تک اردو میں درسی کتابیں کونسل کے ذریعے پہلے ہی فراہم کی جاچکی ہیں۔ اب کونسل نے ثانوی زبان کی تعلیم کے لیے چھٹی سے دسویں جماعت تک اور تیسری زبان کی تعلیم کے لیے ساتویں سے دسویں جماعت تک اردو میں نئی درسی کتابیں 'قومی درسیات کا خاکہ — 2005' کے مطابق تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دسویں جماعت تک اردو بہ طور ثانوی زبان کے پڑھنے والے طالب علموں کی استعداد مادری زبان اردو کی تعلیم کے کم وبیش آٹھویں درجے کے معیار تک اور دسویں جماعت تک اردو کو بہ طور تیسری زبان کے پڑھنے والے طالب علموں کی استعداد مادری زبان اردو کی تعلیم کے کم وبیش چھٹے درجے کے معیار تک ہونی چاہیے۔ ان زبانوں کی تعلیم کا بنیادی مقصد طلبا کو ایک ایسے سماج میں فعال شرکت کے لیے تیار کرنا ہے جس میں ایک سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔

کونسل کے زیر اہتمام تیار کردہ یہ نئی درسی کتاب یعنی '' دوٗر پاس'' نویں جماعت کے طالب علموں کو اردو بہ طور تیسری زبان پڑھانے کے لیے ہے۔ تیسری زبان کی تعلیم کا آغاز اسکولوں میں چوں کہ ساتویں جماعت سے تجویز کیا گیا ہے لہٰذا مذکورہ درسی کتاب اس سلسلے کی تیسری کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب کا خاص مقصد طلبا کو بنیادی زبان سے واقف کرانا اور مختلف قسم کی معلومات فراہم کرانا ہے تاکہ وہ ملک کے لسانی تقاضوں کو بہتر طور پر پورا کرسکیں۔ اس کی تالیف وتدوین میں موجودہ تعلیمی ضروریات کے علاوہ قومی، سماجی اور اخلاقی اقدار کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے لیکن اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کہ بچوں کو براہِ راست نصیحتیں نہ کی جائیں بلکہ زبان کی تدریس کے دوران اُن کے اندر خود اِن قدروں کا شعور پیدا ہوسکے۔

© NCERT not to be republished

اسباق کے انتخاب میں ’قومی درسیات کا خاکہ — 2005‘ کے ساتھ ساتھ بچوں کی عمر، دل چسپی اور نفسیات کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔

مشقوں میں زیادہ سے زیادہ تنوع پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ طالب علموں میں نہ صرف اردو زبان سے محبت کا جذبہ پیدا ہو بلکہ وہ بہ آسانی معیاری اردو بولنا، پڑھنا اور لکھنا بھی سیکھ جائیں۔ مشقیں اس طرح وضع کی گئی ہیں کہ طالب علموں کی فکری صلاحیت میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ زبان کی بنیادی مہارتوں کا بھی فروغ ہوتا رہے۔ رٹنے کے طریقۂ کار سے گریز کرتے ہوئے افہام و تفہیم پر زیادہ زور دیا گیا ہے۔ مشقوں کے ذریعے اس کتاب کو زیادہ آسان، دل چسپ اور کارآمد بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ نظم ’جلوۂ دربارِ دہلی‘ طلبا کی دل چسپی کے پیشِ نظر صرف پڑھنے کے لیے شامل کی گئی ہے۔ اس کے لیے نہ تو مشقیں وضع کی گئی ہیں اور نہ ہی اس سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جو اردو اساتذہ، ماہرینِ مضمون اور ایک خصوصی صلاح کار پر مشتمل تھی۔ ان سب کے اشتراک و تعاون سے ہی اس کتاب کو آخری شکل دی گئی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب مطلوبہ معیار کے مطابق طالب علموں کی ضرورتوں کو پورا کر سکے گی۔ اساتذہ اور ماہرینِ مضمون سے درخواست ہے کہ وہ اس کتاب سے متعلق اپنے عملی اور تدریسی تجربات کی روشنی میں ہمیں مشوروں سے نوازیں تا کہ آئندہ اسے مزید بہتر بنایا جا سکے۔

© NCERT not to be republished

# کمیٹی برائے درسی کتاب

**چیئر پرسن، مشاورتی کمیٹی برائے زبان**

**نامور سنگھ**، پروفیسر ایمریٹس، ہندوستانی زبانوں کا مرکز، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

**خصوصی صلاح کار**

**شمیم حنفی**، پروفیسر ایمریٹس، شعبۂ اردو، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**چیف کوآرڈی نیٹر**

**رام جنم شرما**، سابق ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

**اراکین**

**اقبال مسعود**، جوائنٹ سکریٹری، مدھیہ پردیش اردو اکادمی، بھوپال

**انور ظہیر انصاری**، ایسو سی ایٹ پروفیسر اور صدر، شعبۂ اردو، ایم ایس یونیورسٹی، بڑودہ

**جاوید اختر وارثی**، ٹی جی ٹی (اردو)، گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول، بیلا روڈ، دریا گنج، نئی دہلی

**حدیث انصاری**، لکچرار اور صدر، شعبۂ اردو، اسلامیہ کریمیہ پی جی کالج، اندور

**حلیمہ سعدیہ**، ٹی جی ٹی (اردو)، ہمدرد پبلک اسکول، تعلیم آباد، سنگم وہار، نئی دہلی

**خالد بن رشید**، ٹی جی ٹی (اردو)، اینگلو عربک سینئر سیکنڈری اسکول، دہلی

**سمیّہ مسعودی**، پی جی ٹی (اردو)، رابعہ گرلس پبلک اسکول، لال کنواں، دہلی

**شکیل اختر فاروقی**، ریٹائرڈ پروفیسر، جامعہ ٹیچرس ٹریننگ کالج، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**شمس الحق عثمانی**، پروفیسر اور صدر، شعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**صاحب علی**، پروفیسر اور صدر، شعبۂ اردو، ممبئی یونیورسٹی، ممبئی

© NCERT not to be republished

**صغیر اختر**، ٹی جی ٹی اردو، مظہر الاسلام سینئر سیکنڈری اسکول، فراش خانہ، دہلی

**طارق سعید**، ریڈر اور صدر، شعبۂ اردو، ساکیت پی جی کالج، فیض آباد

**عبدالحق**، ریٹائرڈ پروفیسر، دہلی یونیورسٹی، دہلی

**عبدالمغنی**، اردو ٹیچر، مولانا آزاد اکیڈمی اردو اسکول، مانڈیر، رانچی

**محمد قمر**، اردو لکچرار، گورنمنٹ انٹر کالج، فیض آباد

**محمد قمر الہدیٰ فریدی**، ریڈر، شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

**معراج احمد**، ٹی جی ٹی (اردو)، گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول، جعفر آباد، دہلی

**معین الدین جینابڑے**، پروفیسر، ہندوستانی زبانوں کا مرکز، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

**نسرین بیگم**، ریڈر اور صدر، شعبۂ اردو، بیکنٹھی دیوی کنیا مہاودیالیہ، آگرہ

**نکہت پروین**، ٹی جی ٹی (اردو)، کریسنٹ اسکول، دریا گنج، نئی دہلی

**وہاج الدین علوی**، پروفیسر، شعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**ممبر کوآرڈی نیٹر**

**ڈاکٹر محمد معظّم الدین**، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© NCERT not to be republished

# اظہارِ تشکّر


اس کتاب میں اقبالؔ، بے نظیرؔ شاہ وارثی، نظیرؔ اکبرآبادی، محمد اسمٰعیلؔ میرٹھی، جوشؔ ملیح آبادی، خلیلؔ الرحمٰن اعظمی، ساحرؔ لدھیانوی اور اکبرؔ الہ آبادی کی نظمیں شامل ہیں۔ طنز و مزاح کے تحت کنھیا لال کپور اور مشتاق احمد یوسفی کی تخلیقات شامل کی گئی ہیں۔ کہانیوں میں پنچ تنتر کی کہانی، مالوہ کی کہانی اور قرۃ العین حیدر کی کہانی شامل کی گئی ہے۔ کونسل ان سبھی تخلیقات کے لیے شاعروں، مصنفوں اور ان کے ورثا کی شکرگزار ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں ڈی ٹی پی آپریٹر ساجد خلیل فلاحی، ابوالحسن اور کمپیوٹر اسٹیشن انچارج پرش رام کوشک نے حصہ لیا، کونسل ان سبھی حضرات کی شکرگزار ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں خصوصی تعاون کے لیے کونسل ڈاکٹر محمد فاروق انصاری، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آرٹی کی بھی ممنون ہے۔



© NCERT not to be republished

# بھارت کا آئین

## تمہید

ھَم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارَت کو ایک مقتدر، سماج وادی، غیر مَذھَبی عَوامی جَمھُوریَہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

انصاف سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر 1949ء کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

---

1۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''مقتدر عوامی جمہوریہ'' کی جگہ (1977-1-3 سے)
2۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''قوم کے اتحاد'' کی جگہ (1977-1-3 سے)

© NCERT not to be republished

# فہرست


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | پیش لفظ | | | iii |
| | اس کتاب کے بارے میں | | | v |
| 1۔ | ترانۂ ہندی | نظم | (محمد اقبالؔ) | 01 |
| 2۔ | عقل مند ہنس | کہانی | | 05 |
| 3۔ | ہمارا قومی کھیل | مضمون | | 10 |
| 4۔ | پھل پھول | نظم | (بے نظیر شاہ وارثی) | 16 |
| 5۔ | کفایت شعاری | حکایت | | 20 |
| 6۔ | ایک پرانی کہانی | کہانی | (قرۃ العین حیدر) | 24 |
| 7۔ | برسات اور پھسلن | نظم | (نظیر اکبر آبادی) | 28 |
| 8۔ | بات سے بات | اخلاقیات | | 32 |
| 9۔ | ایک انوکھا عجائب گھر | مضمون | | 37 |
| 10۔ | جگنوٗ اور بچّہ | نظم | (محمد اسمٰعیل میرٹھی) | 43 |
| 11۔ | ہندوستان کی چند مشہور خواتین | مضمون | | 48 |
| 12۔ | بے وقوف کہیں کے | کہانی | | 52 |
| 13۔ | بَہار کی ایک دوپہر | نظم | (جوشؔ ملیح آبادی) | 57 |
| 14۔ | اردو کی کہانی | مضمون | | 62 |
| 15۔ | بالغوں کے لیے تیسری کتاب | مزاح | (کنھیّا لال کپور) | 66 |


© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| 16۔ گیت | نظم | (خلیل الرحمٰن اعظمی) | 72 |
| 17۔ عالمی حرارت | مضمون | (ادارہ) | 76 |
| 18۔ زیرو ناٹ آؤٹ | مزاح | (مشتاق احمد یوسفی) | 82 |
| 19۔ اے شریف انسانو! | نظم | (ساحر لدھیانوی) | 87 |
| 20۔ جلوۂ دربارِ دہلی | نظم | (اکبر الہ آبادی) | 92 |


© NCERT
not to be republished